رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: علوم التفسیر

تاریخ: 13-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: مشرکین، یہود، نصاریٰ اور منافقین سے قرآن کی مخاصمت کا کیا انداز ہے؟

سوال نمبر 2: علم الاحکام سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3: "واختار سبحانه وتعالیٰ فی آیات المخاصمة الزام الخصم بالمشهورات المسلمة والخطابیات النافعة" اس عبارت کی مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: "وکذالک یظنون ان الملک علی الاطلاق جل مجده۔۔۔علی سائر العباد" اس عبارت کا مطلب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: شرک کے رد کے کتنے طریقے ہیں؟ کوئی سے دو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: اللہ پاک نے تحریف کو کتنے اور کون کون سے طریقوں سے رد فرمایا؟

سوال نمبر 7: "ومن ضلالتهم ایضا انهم یجزمون بان عیسیٰ علیه السلام قد قتل" اس عبارت سے شاہ ولی اللہ علیہ الرحمہ کیا بیان کرنا چاہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: "اقتضت الحکمة الالٰهیة ان لا یخاطب الناس فی التذکیر بالآء الله الا ما تسعه معلوماتهم" سے کیا بیان کرنا چاہ رہے ہیں؟

سوال نمبر 9: "لاتری طائفة منهم فی الاقالیم الصالحة والامکنة القریبة من الاعتدال ینکرون ذالک" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 10: اللہ پاک نے اپنی کون سی نعمتوں اور قدرت کی نشانیوں کو منتخب کرکے قرآن پاک میں بیان فرمایا؟

سوال نمبر 11: الفوز الکبیر کی روشنی میں قیامت کی نشانیوں میں سے کوئی سی 6 نشانیاں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: قرآن پاک کے مشکل کلمات کی وضاحت پر مشتمل طرق ثلاثة کو علامہ سیوطی علیہ الرحمۃ نے اپنی کس کتاب میں بیان فرمایا ہے؟

سوال نمبر 13: ﴿عَلَى الذين يُطِيقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ﴾ شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ کے نزدیک یہ آیت کس آیت سے منسوخ ہے؟

سوال نمبر 14: "معرفة تلک القصص التی تتضمن الآیات الکریمة التعریض بها فان فهم ایماء هذه الآیات لا یتیسر الا بمعرفة تلک القصص" اس عبارت سے شاہ ولی اللہ کیا سمجھانا چاہ رہے ہیں؟

سوال نمبر 15: ﴿عَلَى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ﴾ ای علی عهد ملک سلیمان" اس عبارت میں لفظ "عهد" کو ذکر کرکے کس بات کی طرف اشارہ کیا ہے؟

سوال نمبر 16: ﴿وَاِذْ قَالَ ربک للملائکة﴾ اور ﴿وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى﴾ ان آیات میں "اذ" کو کس معنی کی طرف منتقل کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 17: محکم کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: صحابہ کرام علیہم الرضوان کے دور میں سورتوں کو کتنی اقسام پر تقسیم کیا گیا تھا؟ ان میں سے کوئی سی دو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی "الاعجاز الاخباری" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: "ق" کس معنی سے کنایہ ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: تحریف لفظی اور معنوی کا مطلب بیان کیجئے اور یہود کی تحریف معنوی پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: کلام کی مراد سمجھنے میں دشواری کے 10 اسباب میں سے 5 تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: متاخرین کے نزدیک نسخ کے 7 معانی میں سے 5 کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: متشابہ، کنایہ اور مجاز عقلی کی تعریفات ذکر کیجئے اور "لٰمَسْتُمْ" کے دو معنی کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: اصحاب تفسیر بالماثور، العقدی، الفقهی، النحوی واللغوی اور بلاغی پر تفصیل قلمبند کیجئے۔